© rasailojaraid.com

مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

مقالاتِ پشتو از شیخ الحدیث علامہ مولانا مفتی محمد فرید مجددی مدظلہٗ ـــــ صفحات ۸۰
ملنے کا پتہ ! مفتی رشید احمد نقشبندی ، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد فرید مدظلہ نقشبندی دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث اور صدر مفتی ہیں آپ کو جس طرح اللہ تعالیٰ نے حدیث میں محدثانہ عظمتِ شان علم تفسیر میں مفسرانہ عظمتِ مقام، فقہ میں تخصص و امتیاز و استحضار اور تصوف و سلوک میں منفرد و امتیازی مقام سے نوازا ہے اسی طرح بحث و تحقیق، تصنیف و تالیف میں بھی بہترین صلاحیتوں اور مقبول علمی اور تحقیقی کاوشیں مرحمت فرمائی ہیں چنانچہ آپ کی بخاری اور ترمذی شریف کی عربی شروحات کے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں پیشِ نظر تالیف مقالات آپ کی تازہ ترین فقہی کشکول ہے جس میں دورِ حاضر کے مروج مسائل کا حل بدعات و رسومات کا تعاقب اور انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں میں پیش آنے والے مختلف امور اور مسائل میں خالص دینی رہنمائی کی گئی ہے رسالہ مختصر ہونے کے باوجود علمی افادیت کے لحاظ سے بے حد نافع ہے ۔ پشتو زبان میں ہونے کی وجہ سے سرحد، بلوچستان اور افغانستان کے لوگوں کے لیے ایک گراں بہا تحفہ ہے امید ہے کہ برادرم مولانا مفتی رشید احمد صاحب اس کا پشتو میں ترجمہ کرکے اس کی افادیت کو مزید عام فرمائیں گے ۔

طلاق کے احکام (فتاویٰ عالمگیری مترجم حامل المتن جلد ۸) ترجمہ از مولانا محمد صادق مغل ـــــ صفحات ۲۸۰
قیمت غیر مجلد ۹۲ مجلد ۱۰۴ ـــــ
قاضی نوید صادق معاون ناظم مجلس منتظمہ اشاعت فتاویٰ عالمگیری ـــــ اعوان ٹاؤن نئی آبادی گرجا روڈ جی پی او راولپنڈی پوسٹ کوڈ ۴۶۰۰۰

اسلامی شریعت میں ارکانِ اسلام کی طرح نکاح و طلاق کے احکام کی اہمیت بھی مسلمہ ہے ان احکام پر زندگی بھر خاوند اور بیوی کے ازدواجی تعلقات کی حلت و حرمت کا مدار ہے ۔ اور یہ احکام جس قدر اہم ہیں اسی قدر نازک بھی ہیں اور پیچیدہ بھی ۔

اسلامی احکامات کی تفصیلات کے متعلق ماہرین اسلام نے خیر القرون اور اس کے مابعد قرناً قرن تک جو محنت کی ہے اور کتاب و سنت، اجماع امت اور ان سے مستنبط قیاس کی روشنی میں اہل سنت والجماعت احناف نے جو معتمد

(بقیہ صد ۴۲ پر)

© rasailojaraid.com